ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

پی ایس 11لاڑکانہ ضمنی الیکشن کے موقع پر سیکیورٹی اقدامات کو انتہائی ٹھوس اور غیر معمولی بنایا جائے۔آئی جی سندھ

کراچی16اکتوبر2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے پولیس کو ہدایات جاری کیں ہیں کہ صوبائی اسمبلی کے حلقہ 11لاڑکانہ کی نشست پر ہونیوالے ضمنی الیکشن کے موقع پر سیکیورٹی کے مجموعی اقدامات کو انتہائی ٹھوس اور غیر معمولی بنایا جائے۔۔۔۔۔

انہوں نے ڈی آئی جی لاڑکانہ کو ہدایات جاری کیں کہ سیکیورٹی کے مجموعی اقدامات کی بذاتِ خود مانیٹرنگ کو یقینی بناتے ہوئے الیکشن کمیشن آف پاکستان کیجانب سے جاری کردہ ضابطہ اخلاق پر عمل درآمد کو تمام اسٹیک ہولڈرز کے اعتماد اور تعاون سے ممکن بنایا جائے تاکہ غیر جانبدارانہ اور شفاف الیکشن کے انعقاد کو یقینی بنایا جاسکے۔۔۔۔۔

آئی جی سندھ نے ایس ایس پی لاڑکانہ کو ہدایات جاری کیں کہ تمام پولنگ اسٹیشنوں اور بالخصوص ممکنہ حساس پولنگ اسٹیشنوں پر اضافی نفری کی تعیناتیوں سمیت اطراف اور اندرونی حصوں میں سوئپنگ, کلیئرنس کے علاوہ ایڈوانس انٹیلی جنس کلیکشن,رینڈم اسنیپ چیکنگ, گشت پکٹنگ,ریکی, نگرانی کے عمل کو بھی یقینی بنایا جائے تاکہ ضمنی الیکشن میں حصہ لینے والے امیدواران,ووٹرز,پولنگ اسٹاف وغیرہ کی سیکیورٹی کے مجموعی امور کو غیر معمولی بنایا جاسکے۔۔۔۔۔

انہوں نے کہا کہ پولنگ کے عمل کے آغاز تا اختتام اور بعدازاں بیلٹ باکسز کی مقررہ مقامات تک رسائی کے عمل کو ہر لحاظ سے محفوظ اور فول پروف بنایا جائے اور اس حوالے سے پولنگ افسران/اسٹاف سے روابط کو مربوط اور مؤثر بنایا جائے۔۔۔۔۔

؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

ایڈیشنل آئی جی شاہد حیات کی نماز جنازہ ادا کردی گئی۔

کراچی16اکتوبر 2019ء:۔

کراچی کے نجی اسپتال میں زیر علاج ایڈیشنل آئی جی شاہد حیات رضائے الٰہی سے انتقال کرگئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیہِ رَاجِعُون

مرحوم کی نماز جنازہ امروز پولیس ہیڈکوارٹرز گارڈن ساؤتھ میں ادا کی گئی اس موقع پر آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے مرحوم پولیس آفیسر کی مختلف شعبہ جات اور بالخصوص بطور ایڈیشنل آئی جی کراچی تعیناتی کے دوران انکے دلیرانہ فیصلوں جرأت اور بہادری کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے نماز جنازہ میں شریک انکے اہل خانہ اور دیگر عزیز واقارب سے اظہار تعزیت کی۔نماز جنازہ میں وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ،وزیر اطلاعات سندھ سعید غنی،ایڈیشنل آئی جیز،ڈی آئی جیز،پاکستان آرمی،نیوی،ایف آئی اے،آئی بی کے افسران وجوان،سندھ پولیس کے افسران اور جوانوں کے علاوہ ممبران قومی وصوبائی اسمبلی،ایوان ہائے صنعت وتجارت کے نمائندگان،کراچی بزنس کمیونٹی کے ممبران،سول سوسائٹی کی معروف شخصیات ودیگر سمیت اہلیان علاقہ نے بھی کثیر تعداد میں شرکت کی۔بعدازاں مرحوم کی میت کو تدفین کے لیئے انکے آبائی علاقے ڈیرہ اسماعیل خان روانہ کیا گیا۔

مرحوم کے بارے میں مختصراً تفصیلات درج ذیل ہیں۔

- نام۔شاہد حیات خان ولد حیات اللہ خان
- تاریخ پیدائش۔15-01-1965
- تاریخ بھرتی۔19-10-1991 (19th CTP)
- ایڈیشنل آئی جی ٹریفک کراچی04مارچ 1999ءتا09دسمبر 1999ء
- ایس ایس پی انویسٹی گیشن 17جولائی 2002ءتا03مارچ 2003ء
- ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے15جنوری 2004ءتا نومبر 2007ء
- ایڈیشنل ڈائریکٹر سائبر کرائم ایف آئی اے نومبر 2007ءتا16مئی 2008ء
- ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ سی پی او23فروری 2010ءتا09ستمبر 2010ء
- بعدازاں 11مئی 2011ءتا07جون گریڈ 20میں ترقی مورخہ 28نومبر 2011ء
- ڈی آئی جی ایسٹ07-06-2012 to 24-12-2012
- ڈی آئی جی ساؤتھ24-12-2012 to 25-04-2013
- ڈی آئی جی اسپیشل برانچ کراچی25-04-2013 to 12-09-2013
- ایڈیشنل آئی جی کراچی12-09-2013 to 22-05-2014
- گریڈ 21پر ترقی مورخہ 22فروری 2018ء۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔